PROVINCIAL ASSEMBLY OF KHYBER PAKHTUNKHWA

Office No.091-9210489-1222
Fax No. 091-9210258

ADJOURNMENT MOTION

Session 21th
Notice No. 420
Received Dated 23-05/2022
Department Mineral

منجانب: جناب عنایت اللہ، جناب سراج الدین، محترمہ حمیرا خاتون، ایم پی اے

ہم صوبائی اسمبلی خیبر پختونخوا قواعد انضباط مجریہ 1988ء کے قاعدہ 69 کے تحت اس معزز ایوان میں ایک انتہائی اہم اور فوری عوامی نوعیت کے مسئلہ سے متعلق تحریک التواء پیش کرتے ہیں جو کہ ملاکنڈ ڈویژن میں مائنگ قوانین میں سقم کی وجہ سے کنسٹرکشن انڈسٹری سمیت مقامی آبادی کو اپنی ذاتی استعمال کے لیے بھی ریت اور بجری نکالنے پر پابندی کے نتیجے میں عوام کو درپیش مشکلات سے متعلق ہے۔

جناب سپیکر صاحب! ملاکنڈ ڈویژن میں ہائی کورٹ کے فیصلے کے غلط تشریح اور محکمہ مائنگ کی رائج قوانین میں سقم کی وجہ سے ایک طرف ملاکنڈ ڈویژن میں تعمیرات کا کاروبار ٹھپ ہو کر رہ گیا ہے اور کنسٹرکشن انڈسٹری کے شعبہ سے وابستہ لاکھوں خاندان فاقہ کشی پر مجبور ہیں کیونکہ مائن اینڈ منرلز کے انسپکٹر و دیگر اہلکار اور ضلعی انتظامیہ لوگوں کو ریت اور بجری نکالنے سے روک رہی ہے اور اس صورتحال میں ریت اور بجری کے کاروبار سے وابستہ افراد کے علاوہ مقامی آبادی کے لوگ بھی ذاتی استعمال کے لیے اپنی زمین سے ریت اور بجری نہیں نکال سکتے جبکہ قانونی طور پر کاروبار بھی انتہائی مشکل تر ہو گیا ہے۔ چونکہ یہ ایک انتہائی اہم اور فوری عوامی نوعیت کا مسئلہ ہے۔ لہذا ان حالات میں اس معزز ایوان میں معمول کی کاروائی روک کر اس انتہائی اہم عوامی مسئلے پر زیر بحث لانے کے لیے اس تحریک التواء کو بحث کے لیے منظور کیا جائے تاکہ اصل حقائق قوم کے سامنے لائے جا سکے اور ملاکنڈ ڈویژن کے عوام کو درپیش اس مشکل صورتحال سے نکالا جا سکے۔